بی او جی کے 67ویں اجلاس کی کارروائی

کراچی، 22 دسمبر 2021ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے بورڈ آف گورنرز کا 67واں اجلاس منگل کے روز کراچی کے مقامی ہوٹل میں منعقد ہوا۔ جس میں مندرجہ ذیل موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا:

کرکٹ ڈویلپمنٹ کے منصوبے:

پاتھ ویز کرکٹ کی ترقی اور فروغ کے لئے بی او جی نے چیئرمین پی سی بی کے 2 نئے منصوبوں کی منظوری دے دی ہے، جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

پاتھ ویز جونیئر کنٹریکٹ:

اس منصوبے کے تحت پی سی بی انڈر 11، 14، 16 اور 19 سال کے باصلاحیت 100 کھلاڑیوں کو جونیئر اور پاتھ ویز کرکٹ کنٹریکٹ دے گا۔ یہ کھلاڑی ماہوار 30 ہزار روپے وظیفہ وصول کرنے کے علاوہ سو فیصد تعلیمی اسکالرشپ بھی حاصل کریں گے۔

پاتھ ویز کرکٹ فاؤنڈیشن:

اس منصوبے کے تحت پی سی بی ان 100 باصلاحیت نوجوانوں کے لیے انتہائی قابل غیر ملکی کوچز کو نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر میں تعینات کرے گا۔ یہ کوچز ان کھلاڑیوں کی تربیت کے علاوہ انہیں اکتوبر 2022 میں شیڈول انڈر 19 پی ایس ایل کے لیے بھی تیار کریں گے۔

اس سے متعلق مزید معلومات مناسب وقت پر جاری کر دی جائیں گی۔

رمیز راجہ، چیئرمین پی سی بی:

چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ رمیز راجہ کا کہنا ہے کہ کرکٹ کے فروغ اور طویل مدتی ترقی کے لئے ضروری ہے کہ ہم نوجوان کھلاڑیوں پر سرمایہ کاری کریں۔

" ہمیں امید ہے کہ یہ جونیئر کنٹریکٹ اور کرکٹ فاؤنڈیشن کے منصوبے ملک کے دور دراز کے علاقوں سے تعلق رکھنے والے کھلاڑیوں کو قومی کرکٹ کے دھارے میں لانے کے لیے موزوں ثابت ہوں گے۔

انہوں نے مزید کہا کہ ایسے منصوبوں سمیت آل پاکستان ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت ہم ایسے کھلاڑی تلاش کرسکتے ہیں جو مستقبل میں بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کرسکتے ہیں۔

کلب کی سکروٹنی کا عمل:

بی او جی نے 3822 کلب کی سکروٹنی کے عمل کی منظوری دے دی ہے۔ ان کلبز نے کلب کرکٹ کی پہلی رجسٹریشن کے عمل میں شرکت کی تھی۔

علاوہ ازیں، بی او جی نے شق 4.1 میں ترمیم کی منظوری بھی دے دی ہے۔

جس کی مکمل تفصیلات پی سی بی کی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔

پاکستان مینز کرکٹ ٹیم:

آئندہ ایک سال کے لئے ایک مصروف بین الاقوامی کرکٹ پاکستان کرکٹ ٹیم کی منتظر ہے۔ اس سلسلے میں کھلاڑیوں کے ورک لوڈ پر طویل تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس سلسلے میں بی او جی نے پی سی بی کی منیجمنٹ کو کھلاڑیوں کے ورک لوڈ سے متعلق تجاویز پیش کرنے کی ہدایات کی ہے۔

اس موقع پر بی او جی نے قومی کرکٹ ٹیم کی حالیہ کارکردگی کو سراہا ہے۔

چیئرمین پی سی بی نے بابر اعظم کی قیادت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا ہے کہ وہ قومی کرکٹ ٹیم میں ایک پر اثر شخصیت بن چکے ہیں۔ انہوں نے ثقلین مشتاق کی پر سکون شخصیت، میتھو ہیڈن اور ویرنن فیلنڈر کی گلوبل ایونٹ میں کارکردگی کی تعریف کی ہے۔

دیگر امور:

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2023 سے پہلے ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم تین ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز کھیلنے پاکستان آئے گی۔ اس سے پہلے ویسٹ انڈیز آئی سی سی مینز ون ڈے سپر لیگ کے میچز مکمل کرنے جون 2022 میں بھی پاکستان کا دورہ کرے گی۔

بی او جی نے نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر لاہور اور حنیف محمد ہائی پرفارمنس سینٹر کراچی میں 60 اضافی کمرے بنانے کی منظوری دے دی ہے۔

اس کے علاوہ پی سی بی کے چیئرمین، قائمقام چیف ایگزیکٹو اور بی او جی کمیٹیز نے اپنی اپنی رپورٹس پیش کیں۔ ادھر ویمنز کرکٹ پر بھی ایک مکمل پریزینٹیشن دی گئی۔ اس سے قبل بی او جی نے چیف ایگزیکٹو فیصل حسنین کو خوش آمدید کہا، وہ جنوری کے وسط سے لاہور میں باضابطہ کام کا آغاز کردیں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager – Media and Communications
E: Ibrahim.badees@pcb.com.pk
W: +92 (0) 345 4743 486

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS

WASH HANDS · KEEP THE DISTANCE · AVOID CROWD · WEAR MASK · COUGH IN THE ELBOW · KEEP HYDRATED · STAY AT HOME

Commercial Partners | **Broadcast Partners**

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial